BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

برامپٹن کے رہائشیوں کو سٹی کے اہم پروجیکٹس پر اپنی قیمتی رائے دینے کی دعوت دی جاتی ہے

برامپٹن، آن (7 جولائی 2020) – سٹی آف برامپٹن ترقی کر رہا ہے اور مستقبل میں شہر کے خدوخال کا تعین کرنے میں شہری اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ جولائی کے مہینے کے دوران شہریوں کے پاس 5 نئے اور دلکش پروجیکٹس پر اپنی قیمتی رائے فراہم کرنے کا موقع موجود ہو گا۔

وابستہ ہونے کے تمام حالیہ مواقع کی فہرست www.brampton.ca/engage پر ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

لائیٹ ریل ٹرانزٹ میں توسیع
رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی کہ وہ 31 جولائی تک ورچوئل اوپن ہاؤس میں تشریف لائیں اور لائیٹ ریل ٹرانزٹ (LRT) کی توسیع کے حوالے سے اپنی فیڈبیک سے آگاہ کریں۔ مین اسٹریٹ پر منصوبہ بند ہورونٹاریو LRT کو سٹیلز ایونیو کے برامپٹن گیٹ وے ٹرمینل سے لے کر برامپٹن گو اسٹیشن تک توسیع دینا، سٹی کی اہم ترجیحات میں شامل ہے اور یہ شہر کو بہتر بنانے کا ایک کلیدی پروجیکٹ ہے۔ اس حوالے سے قدرتی، معاشرتی، معاشی اور ثقافتی ماحول کے علاوہ نقل و حمل کے عوامل سے وابستہ متعدد معیارات کی بنیاد پر ایک ترجیحی روٹ کی سفارش کی جائے گی۔

ولیمز پارک وے ریویو
اپنے شہریوں کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے سٹی گلیوں کی تعمیر کر رہا ہے۔ ولیمز پارک وے ریویو کے بارے میں ایک سروے 1 اگست تک آن لائن طور پر دستیاب رہے گا۔ رہائشی اپنے لیے سب سے اہم چیزوں پر تبصرے کر سکتے ہیں: مثلاً راہگیروں کے لیے چلنے کا کشادہ راستہ، سائیکل کے لیے محفوظ راستہ، کوئی وقف شدہ لین یا گاڑیوں کے لیے کشادہ راستے وغیرہ۔

ووڈین سٹریٹ ایسٹ/ویسٹ سائیکلنگ کوریڈور
جیسا کہ برامپٹن 2040 ویژن میں اس کو ایک کلیدی ترجیح کے طور پر بیان کیا گیا ہے، لہٰذا سٹی سائیکلوں کے لیے جدا لینز کے ساتھ ایک مسلسل اور مربوط ایسٹ ویسٹ سائیکلنگ کوریڈور تعمیر کر رہا ہے۔ سائیکلنگ کوریڈور کی تعمیر سے سائیکل سواروں کو سائیکل چلانے کے لیے ایک زیادہ آرام دہ اور محفوظ انتخاب میسر آئے گا اور انہیں موجودہ نارتھ ساؤتھ ٹریلز تک رسائی بھی حاصل ہو جائے گی۔ رہائشی ووڈین اسٹریٹ، ہاوڈن بولیورڈ اور ہینوور روڈ کے ساتھ تعمیر کی جانے والی سائیکلنگ لگ بھگ 7 کلو میٹر سہولیات کے بارے میں مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اپنی رائے بھی شیئر کر سکتے ہیں۔ یہ سروے مورخہ 31 جولائی تک کھلا رہے گا۔

تھرڈ ٹرانزٹ فیسلٹی
برامپٹن ٹرانزٹ، کینیڈا کے تیزی سے بڑھتے ہوئے ٹرانزٹ نیٹ ورکس میں سے ایک ہے۔ تیزی سے بڑھتی ہوئی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے، سٹی ٹرانزٹ کی تیسری بحالی اور اس کی استعدداد کار میں اضافہ کرنے کی منصوبہ بندی کر رہا ہے۔ اس منصوبے کے بارے میں مزید جاننے اور اپنی فیڈبیک دینے کے لیے عوام کے لیے 15 جولائی تک ایک ورچوئل اوپن ہاؤس آن لائن طور پر دستیاب رہے گا۔

سیاحت کے بارے میں حکمت عملی
رہائشیوں، سیاحوں اور دیگر متعلقہ لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے کہ وہ سٹی کی سیاحت کے بارے میں پہلی حکمت عملی کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں۔ یہ حکمت عملی برامپٹن کی قلیل اور طویل مدتی بڑھوتری پر مرکوز ہو گی اور اکنامک ریکوری اسٹریٹجی کے مطابق معاشی بحالی اور مقامی اشیاء کی انتہائی مقامی/مقامی فروغ کی ترغیبات پر مرکوز ہو گی۔" سیاحت کی حکمت عملی میں مقامی سیاحت کو بڑھانے کے مواقع کی نشاندہی کی جائے گی۔ وابستگی کے مواقع میں 20 جولائی تک رہائشیوں کے سروے، رہائشیوں کے انٹرویوز اور 14 جولائی بروز منگل شام 7 بجے ایک ورچوئل پبلک مشاورت شامل ہیں۔

اقتباسات
"ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں اس میں ہمارے رہائشی ہی ہماری توجہ کا مرکز ہوتے ہیں اور ایک سر سبز و شاداب، صحت مندانہ، محفوظ اور تمام کمیونٹیز کے حسین امتزاج سے مزین شہر کے فروغ کے لیے رہائشیوں کی فیڈبیک ہمارے لیے نہایت ضروری ہے۔ میں برامپٹن کے تمام باشندوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ وابستگی کے ان مواقع میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور سٹی کے جاری کئی انقلابی

Media Release

پروجیکٹس کے بارے میں مزید جانیں۔"
- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن

"سٹی آف برامپٹن کے لیے اپنی کمیونٹی کی صحت و عافیت انتہائی اہم ہے اور کووڈ-19 کی حالیہ وباء کے دوران ہم اپنے شہریوں کو خدمات کی فراہمی کے نئے طریقوں کی تلاش جاری رکھیں گے۔ ہم جو بھی کام کرتے ہیں ان کی بہتری کے لیے ہماری کمیونٹی کی رائے نہایت ضروری ہے اور اِن اوپن ہاؤسز اور سرویز کی مدد سے شہری اپنے گھروں سے ہی پرسکون طریقے سے ہمارے ساتھ وابستہ ہو سکیں گے۔"
- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن

30--

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca